ماہنامہ **آئین**، لاہور، **افغان نامہ**، مدیر: مرزا محمد الیاس۔ فرسٹ فلور، اے-۱/۹، رائل پارک، لاہور۔ صفحات: ۱۵۴۔ قیمت: ۳۲ روپے۔

مظفر بیگ مرحوم کا یادگار رسالہ آئین مرزا محمد الیاس کی ادارت میں جاری ہے۔ طالبان کے ازسرنو عروج نے افغانستان کو سرفہرست کر دیا ہے۔ زیرنظر شمارہ افغان مسئلے پر ایک خصوصی مطالعہ ہے جس میں سات غیرملکی مصنفین کے مقالات کے ترجمے دیے گئے ہیں۔ ایک مقالہ آپریشن پایدار آزادی (۲۷ صفحات) اور دوسرا خصوصی رپورٹ (۳۰ صفحات) مدیر کے اپنے قلم سے ہیں۔ اس افغان نامہ کا مطالعہ قاری کو افغانستان کے جدید ترین منظرنامے میں عالمی اور علاقائی طاقتوں کے کردار سے بخوبی آگاہ کرتا ہے۔ (م - س)

اُردو کا دینی ادب، پروفیسر ہارون الرشید۔ ملنے کا پتا: بدر بک سنٹر، اُردو بازار، کراچی۔ صفحات: ۳۶۰۔ قیمت: ۳۵۰ روپے۔

اس کتاب کے پہلے حصے میں ۱۸۵۷ء تا ۱۹۰۰ء، ۱۹۰۱ء تا ۱۹۴۶ء اور ۱۹۴۷ء تا ۲۰۰۰ء کے تین ادوار قائم کر کے دیوبند، ندوہ، علی گڑھ سے شروع کر کے اجمالی تاریخی جائزہ لیا گیا ہے اور تفسیر و سیرت کے میدانوں میں جو کام ہوئے ہیں ان کا تعارف کروایا گیا ہے۔ دوسرے حصے میں اکابر اہلِ قلم، ممتاز مصنفین، عہدساز مصنفین، محققین اور دورِ حاضر کے معروف اہلِ قلم کے عنوان سے پانچ باب قائم کر کے مختلف اہلِ قلم کی خدمات کے بارے میں تعارفی مضمون لکھے گئے ہیں۔ مصنف نے ایک نہایت وسیع موضوع کو سمیٹنے کی کوشش کی ہے اور یوں قاری کو دینی ادب کے وسیع اُفق پر ایک طائرانہ نظر ڈالنے کا موقع فراہم کیا ہے۔ دینی ادب کو اسلامی ادب کے معنی میں نہیں لیا گیا ہے۔ (م - س)

تعارف کتب

☆ **معلم القرآن اُردو ترجمہ القرآن الکریم**، مرتبہ: قاری جاوید انور صدیقی۔ مرکز القادسیہ، لیک روڈ، چوبرجی، لاہور۔ صفحات: ۱۰۳۲۔ ہدیہ: درج نہیں۔ [قرآن پاک کے عربی متن کے نیچے پہلی سطر میں ہر لفظ کا